(8)

پاکستان پوسٹ

از دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل میٹروپولیٹن سرکل، کراچی۔

مراسلہ نمبر:۔ MCK/PSD-02/Sty Tender/26-27 مورخہ _____

عنوان: **ٹینڈر نوٹس برائے اسٹیشنری آئٹمز برائے مالی سال 2026-27**

پوسٹ ماسٹر جنرل میٹروپولیٹن سرکل کراچی آفس بشمول تمام پوسٹ آفسز کے لیے مالی سال 2024-25 کے دوران اسٹیشنری آئٹمز کی خریداری کے لیے سیلز ٹیکس اینڈ انکم ٹیکس رجسٹرڈ فرمز جو کسی بھی مجاز اتھارٹی سے بلیک لسٹ نہ ہوں اسٹیشنری سپلائی کا وسیع تجربہ رکھتی ہوں، ان سے ٹینڈر مطلوب ہے۔

شرائط برائے پیشکش ٹینڈر:

برائے مالی سال۔ 2026-27 کے دوران اسٹیشنری آئیٹمز کی فراہمی کے لیے صرف کراچی میں قائم فرمز جن کے پاس باقاعدہ دوکان، اسٹور/ آفس اور ٹیلیفون کی سہولت موجود ہوں اور محکمہ سیلز ٹیکس میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں، سے سربمہر پیشکش مطلوب ہے

1۔ دلچسپی رکھنے والی فرمیں مندرجہ ذیل دستاویزات بمعہ ریٹ لسٹ پی۔پی۔آر۔اے (PPRA) کی ویب سائیڈ پر اپ لوڈ کریں گے

(الف) مالک کی شناختی کارڈ کی کاپی (ب) نیشنل ٹیکس نمبر اور سرٹیفکیٹ (پ) جی۔ایس۔ٹی نمبر اور سرٹیفکیٹ (ت) فرمز کا مکمل نام اور پتہ (ٹ) Active Tax payer سرٹیفکیٹ (ث) اے۔جی۔پی۔آر ویندر نمبر (ج) ٹیلیفون اور موبائل نمبر (چ) 100 روپے کی مالیت کے اسٹامپ پیپر پر بیان حلفی کے کمپنی بلیک لسٹ نہیں ہے (ح) بینک ڈرافٹ مبلغ =/100000 روپے (Bid Security) بحق پوسٹ ماسٹر جنرل، میٹروپولیٹن سرکل کراچی جمع کروانا ہوگا جو ناکام ٹینڈر دہندگان کو واپس کر دیا جائے گا (خ) سرکاری /غیر سرکاری اداروں سے اچھی کارکردگی (Performance & Satisfactory) کا سرٹیفکیٹ (د) ACG-67 کی کاپی مبلغ -/3000 روپے ٹینڈر دستاویزات کی فیس بنام پوسٹ ماسٹر جنرل، میٹروپولیٹن سرکل، کراچی (ناقابل واپسی) (ذ) تین سال کا بینک اسٹیٹمنٹ

2۔ ریٹ قیمت بھرتے وقت ہر آئٹم کے باقاعدہ برانڈ کا نام لکھا جائے گا۔

3۔ کوئی بھی دستی دستاویزات (By Hand) ماسوائے بینک ڈرافٹ قابل قبول نہیں ہوگے۔

4۔ پیش کردہ نرخ 30-06-2027 تک نافذ العمل رہیں گے۔

5۔ فرمز مختصر نوٹس پر اپنے ذرائع سے دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل، میٹروپولیٹن سرکل کراچی میں مطلوبہ اسٹیشری آئیٹمز فراہم کرنے پہنچانے کی پابند ہوں گی۔

6۔ مجاز اتھارٹی کسی ایک یا تمام ٹینڈر کو انتظامی و مالی یا کسی اور وجوہات کی بناء پر (PPRA-2004) کے مطابق وجہ بتائے بغیر مسترد کرنے کا حق رکھتی ہے

7۔ فرمز جن اشیاء کے نرخ دے گی ان تمام ٹیکسز بشمول جی۔ایس۔ٹی شامل کرنا ضروری ہوگا۔

8۔ اگر آئیٹمز غیر معیاری یا مقدار سے کم پایا گیا اور ان کی فراہمی بروقت نہ کی گئی تو مجاز اتھارٹی سال کے دوران میں (PPRA-2004) کے مطابق کنٹریکٹ کو کلی یا جزوی طور پر منسوخ کر دے گی اور سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی۔

9۔ ہر لحاظ سے مکمل ٹینڈر یعنی ٹیکنیکل بڈ اور فائینینشل بڈ ایک ہی دن مورخہ 26-10-2026 گیارہ بجے تک (E-PADS) کی ویب سائیڈ پر اپ لوڈ ہو جانا چاہیے جو اسی دن 11:30 بجے دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل، میٹروپولیٹن سرکل کراچی میں کھولے جائیں گے۔

پوسٹ ماسٹر جنرل
میٹروپولیٹن سرکل، کراچی